# ٹیچرز گائیڈ

کلاس 5 کے لئے

# اتنے سارے خرگوش

# ٹیچر کیلئے ہدایت

- تصویروں اور اس سے متعلقہ سرگرمیوں کو اس طرح لے کر چلیں کہ بچے سیکھنے اور سوچنے میں دلچسپی لیں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ لکھنے اور پڑھنے کے ساتھ ساتھ بچوں میں خود اعتمادی سے بات چیت کرنے کی صلاحیت بھی پیدا ہو۔ یہی وجہ ہے کہ اس ٹیچرز گائیڈ میں بچوں کے ساتھ گفتگو پر زور دیا گیا ہے۔
- بچوں سے تصویروں کے حوالے سے بات چیت کریں۔ ان کی بات یا جوابات کو غلط نہ کہیں، جہاں ضرورت ہو وہاں پیار سے اصلاح کریں۔
- ہر تحریری کام سے پہلے بچوں کو سمجھائیں کہ انہیں کیا کرنا ہے۔
- ہر تحریری کام کے وقت بچوں کے پاس جاکر ان کی مدد کریں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ کلاس میں گفتگو کے دوران سب بچے ایک ساتھ نہ بولیں۔ ایک وقت میں ایک بچہ بولے اور کلاس میں discipline قائم رہے۔
- جہاں بھی ضرورت محسوس ہو کلاس میں اور گھر کے کام میں revision کا کام کرائیں۔
- اس ٹیچرز گائیڈ میں 6 سیشن ہیں۔ ہر سیشن 45 منٹ کا ہے۔ اگر آپ کے اسکول میں ایک پیریڈ کا دورانیہ 45 منٹ سے کم یا زیادہ ہو تو سیشن میں رد و بدل کر لیں۔
- اگر کسی روز سیشن میں وقت بچ جائے تو کبھی دہرائی کرائیں، کبھی کہانی سنائیں اور کبھی بچوں کو ان کی مرضی کا کوئی کام کرنے کے لئے دیں۔
- گھر کا کام ہمیشہ بورڈ پر لکھیں۔ بچے اپنی کوپی میں اتاریں۔
- جہاں جہاں لفظ 'بچہ' استعمال کیا گیا ہے، اسے بچہ یا بچی پڑھیں۔

# سیشن 1

10 منٹ
- بچوں سے پوچھیں کہ ان کے گھر میں کوئی پالتو جانور ہے؟
  - کون کون سے جانور ہیں؟
  - ان کی کیا عمر ہے؟
  - وہ کیا کھاتے ہیں؟
  - وہ کہاں رہتے ہیں؟
  - کیا آپ ان سے کھیلتے ہیں؟
  - کیا آپ کے پالتو جانور نے کبھی بچے دیئے؟
  - کتنے بچے دیئے؟
  - وہ بچے اب کہاں ہیں؟
  - اگر بچے کسی کو دے دیئے تو اس وقت آپ کے کیا احساسات تھے؟

10 منٹ
- بچوں کو **اتنے سارے خرگوش** پڑھ کر سنائیں۔ ساتھ ساتھ تصویروں پر تبصرہ کریں اور بچوں سے ان کے خیالات پوچھیں۔

5 منٹ
- بورڈ پر مہینوں کے نام اردو اور انگریزی میں لکھیں اور بچوں کو سمجھائیں کے مہینوں کے ناموں میں انگریزی اور اردو میں تلفظ کا کیا فرق ہے۔

15 منٹ
- بچوں سے پوچھ کر کتاب میں سے مشکل الفاظ اور ان کا انگریزی ترجمہ بورڈ پر لکھیں۔ بچوں سے پوچھ کر ان الفاظ کے معنی بھی بورڈ پر لکھیں۔ بچے اپنی کوپی میں لکھیں۔

| english | اردو | english | اردو |
|---|---|---|---|
| counting | گنتی | roof | چھت |
| return | واپس | cotton wool | روئی |
| play | کھیلتے | toys | کھلونے |
| hide | چھپتے | disappear | غائب |
| sometimes | کبھی | tunnel | سرنگ |

### ہوم ورک

5 منٹ • اگر گھر میں کوئی پالتو جانور ہے تو اس کے بارے میں معلومات جمع کریں۔ اگر پالتو جانور نہیں ہے تو جو پالتو جانور پسند ہے اس کے بارے میں معلومات اکٹھی کریں۔ سیشن 4 میں مضمون لکھوایا جائے گا۔

## سیشن 2

30 منٹ • بچوں سے خرگوش کی خصوصیات پوچھیں اور بورڈ پر لکھیں۔ بچے اپنی کوپیوں میں لکھیں۔

1 خرگوش mammal ہوتے ہیں۔

2 خرگوش سبزی ، پھل اور گھاس کھاتے ہیں۔

3 خرگوش زمین میں سرنگ بنا کر رہتے ہیں۔

4 خرگوش groups میں رہتے ہیں۔

5 خرگوش سب سے زیادہ چست (active) صبح اور شام (dawn & dusk) کے وقت ہوتے ہیں۔

6 خرگوش آنکھیں کھول کر سوتے ہیں۔

7 پیدائیش کے وقت خرگوش کے بچوں کے نہ بال ہوتے ہیں اور نہ ہی وہ دیکھ سکتے ہیں۔

8 خرگوش جب 5 مہینے کے ہوتے ہیں تو بچے دنیا شروع کرتے ہیں۔

9 خرگوش سال میں 4 - 3 دفعہ بچے دیتے ہیں۔ ایک وقت میں 8 - 4 بچے دیتے ہیں۔

10 خرگوش 10 - 8 سال تک زندہ رہتے ہیں۔

15 منٹ • بچوں کے 5 گروپ بنائیں۔ ہر گروپ کو مندرجہ ذیل میں سے کوئی ایک category دیں۔

insect , reptile , fish , mammal , bird

- ہر گروپ اپنی category کے مطابق ایک جانور کے بارے میں معلومات اور تصویریں جمع کریں۔
- سیشن 6 میں کلاس میں ہر گروپ چارٹ بنائے گا۔

# سیشن 3

10 منٹ
- 6 - 5 بچوں سے کہانی پڑھوائیں۔

15 منٹ
- بچوں سے زبانی پوچھیں:

1 کہانی کے شروع میں کتنے خرگوش تھے؟ (2)

2 کہانی کے آخر میں کتنے خرگوش تھے؟ (ان گنت)

3 مئی میں کتنے خرگوش کے بچے تھے؟ (10)

4 سارہ کو خرگوش کے بچے دینے کے بعد کتنے خرگوش کے بچے تھے؟ (12)

5 اگر امی سلمیٰ کو خرگوش کے بچے نہیں دیتیں تو کتنے خرگوش کے بچے ہوتے؟ (17)

6 امی خرگوش کے گھر میں جا کر کیوں رہنے لگیں؟ آپ کا کیا خیال ہے؟

15 منٹ
- کیا آپ کے امی ابو آپ کے پالتو جانور سے ناخوش ہوتے ہیں یا اگر آپ پالتو جانور پالیں تو ناخوش ہوں گے؟

- اگر ناخوش ہوتے ہیں یا ہوں گے تو کیوں؟

- آپ کیا کر سکتے ہیں کہ امی ابو آپ کے پالتو جانوروں سے خوش رہیں؟

## ہوم ورک

5 منٹ
- سوالوں کے جواب امی ابو سے پوچھ کر اپنی کوپی میں لکھ کر لائیں۔
- پالتو جانور کے بارے میں جو معلومات اکٹھی کری ہیں وہ لے کر آئیں۔

# سیشن 4

40 منٹ
- بچوں سے پالتو جانور کے بارے میں مضمون لکھوائیں۔ بچے وہ معلومات استعمال کریں جو انہوں نے جمع کی ہیں۔
  - بچوں سے کہیں کہ اس جانور کی تصویر بھی اپنی کوپی میں بنائیں اور رنگ بھریں۔
  - بچوں کے کام کی اصلاح کریں اور بچوں کی حوصلہ افزائی کریں۔

### ہوم ورک

5 منٹ
- اتنے سارے خرگوش سے مہینوں کے نام اور گنتی کے الفاظ سے املا کی تیاری کر کے آئیں۔

# سیشن 5

10 منٹ
- بچوں سے کہیں کہ اپنی کوپیاں نکالیں۔
  - دیئے گئے الفاظ میں سے 10 الفاظ کا املا کرائیں۔

10 منٹ
- املا کی اصلاح کرائیں۔
  - بچوں سے کہیں کہ دو دو بچے آپس میں کوپی تبدیل کریں۔
  - جن الفاظ سے املا لیا گیا تھا وہ الفاظ بورڈ پر لکھیں۔ بچوں سے کہیں کہ بورڈ پر لکھے گئے الفاظ دیکھ کر ایک دوسرے کا املا چیک کریں اور پھر کوپی ایک دوسرے کو واپس کر دیں۔
  - بچے اپنی کوپی میں غلطیوں کی اصلاح کریں۔
  - بعد میں خود بھی بچوں کی کوپی چیک کر کے نمبر دیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

25 منٹ

- بچوں سے سیشن 4 میں لکھے گئے مضمون پڑھوائیں۔ کوشش کریں کے مختلف جانوروں کے بارے میں مضمون پڑھیں جائیں اور ہر بچے کو کچھ نہ کچھ کہنے کا موقع ملے۔ بچوں کی حوصلہ افزائی کریں۔
- بچوں کو یاد دلائیں کے انہیں سیشن 6 کے لئے سیشن 2 میں دیا گیا کام لانا ہے۔

# سیشن 6

45 منٹ

- بچے اپنے گروپ کے مطابق بیٹھیں اور چارٹ (chart) بنائیں۔
- کلاس میں چارٹ display کریں۔

# اتنے سارے خرگوش

## ٹیچرز گائیڈ

bookgroup
187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi, Pakistan
Phone: (9221) 3431-0641, 3453-8221
e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk